Roll No. ______  Answer Sheet No. ______

Sig. of Candidate: ______  Sig. of Invigilator: ______

# اُردو سلیس   ایچ ایس ایس سی-I

## حصہ اوّل (کُل نمبر: 20)

وقت: 25 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر ۱:** دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) سراقہ بن جعشم کون تھا؟

الف۔ صحابیؓ   ب۔ ملاح   ج۔ خوبصورت سپاہی   د۔ شاعر

(ii) مرزا نصیر الملک اور بہادر شاہ ظفر کے درمیان کیا رشتہ تھا؟

الف۔ باپ بیٹے کا   ب۔ دادا پوتے کا   ج۔ ماموں بھانجے کا   د۔ چچا بھتیجے کا

(iii) ''توبۃ النصوح'' کس کی تصنیف ہے؟

الف۔ شبلی نعمانی   ب۔ مولوی عبدالحق   ج۔ سر سیّد احمد خاں   د۔ مولوی نذیر احمد

(iv) علّامہ اقبالؒ کس سال پیدا ہوئے؟

الف۔ 1875ء   ب۔ 1876ء   ج۔ 1877ء   د۔ 1879ء

(v) مولوی وحید الدین سلیم کیا بنانے میں اپنا جواب نہیں رکھتے تھے؟

الف۔ اصطلاحات   ب۔ عمارات   ج۔ اشعار   د۔ باتیں

(vi) ہجرت نبویؐ سے پہلے مدینے کا کیا نام تھا؟

الف۔ مدینہ   ب۔ یثرب   ج۔ مکہ   د۔ طائف

(vii) کا، کی، کے قواعد کی رو سے کیا کہلاتے ہیں؟

الف۔ حروفِ عطف   ب۔ حروفِ تشبیہ   ج۔ حروفِ اضافت   د۔ حروفِ علّت

(viii) پطرس بخاری اُردو ادب میں کس حیثیت سے مشہور ہیں؟

الف۔ مضمون نگار   ب۔ مزاح نگار   ج۔ افسانہ نگار   د۔ ناول نگار

(ix) سیّد احمد شہید ہندوستان کے کس شہر کے رہنے والے تھے؟

الف۔ دہلی   ب۔ لکھنؤ   ج۔ بریلی   د۔ بمبئی

(x) میر معصوم شاہ بکھری کہاں مدفون ہیں؟

الف۔ سکھر   ب۔ بکھر   ج۔ ٹھٹھہ   د۔ قندھار

(xi) ''انصار'' ناصر کی جمع ہے۔اس کے معنی کیا ہیں؟

الف۔ شرمسار   ب۔ انتظار   ج۔ راستباز   د۔ مددگار

(xii) مسلم قوم کے قومی کردار کی بنیاد کس بات پر اُستوار ہے؟

الف۔ رنگ   ب۔ نسل   ج۔ زبان   د۔ ایمان

(xiii) اُردو میں سب سے پہلے خط نویسی کا نیا طرز کس نے ایجاد کیا؟

الف۔ مرزا غالبؔ   ب۔ مولانا حالیؔ   ج۔ شبلی نعمانی   د۔ سر سیّد احمد خاں

(xiv) سلسلہ وار مضامین کے بیان کے لیے کون سی صنفِ سخن موزوں ہے؟

الف۔ غزل   ب۔ مثنوی   ج۔ رباعی   د۔ قصیدہ

(xv) مجاہد کی آرزو کیا ہوتی ہے؟

الف۔ اس کا نام بلند ہو   ب۔ دین کا جھنڈا بلند ہو   ج۔ مال و دولت حاصل ہو   د۔ جاہ و حشمت ملے

(xvi) ہفتہ وار اخبار ''کامریڈ'' کس نے نکالا؟

الف۔ مولانا محمد علی جوہرؔ   ب۔ حسرت موہانی   ج۔ ظفر علی خاں   د۔ شیخ عبدالقادر

(xvii) مضمون ''ایران کا جاڑا'' محمد حسینؔ آزاد کی کس کتاب سے ماخوذ ہے؟

الف۔ آبِ حیات   ب۔ نیرنگِ خیال   ج۔ سخندانِ فارس   د۔ نگارستانِ فارس

(xviii) ''افراد کے ہاتھوں میں ہے اقوام کی تقدیر'' کس شاعر کے ایک شعر کا مصرع ہے؟

الف۔ حالیؔ   ب۔ علّامہ محمد اقبالؒ   ج۔ حفیظ جالندھری   د۔ اسماعیل میرٹھی

(xix) اُردو زبان کا ایک بڑا محسن ہونے کے سبب سے ''بابائے اُردو'' کسے کہا جاتا ہے؟

الف۔ سر سیّد احمد خاں   ب۔ مولانا حالیؔ   ج۔ مولوی عبدالحق   د۔ علّامہ محمد اقبالؒ

(xx) نظم ''آسمان اور تارے'' کا شاعر کون ہے؟

الف۔ نظیر اکبر آبادی   ب۔ اکبر الٰہ آبادی   ج۔ شوق قدوائی   د۔ اسماعیل میرٹھی

---

برائے ممتحن: کُل نمبر: 20   حاصل کردہ نمبر: ______

# اُردو سلیس ایچ ایس ایس سی-I

وقت: 2:35 گھنٹے — کل نمبر حصہ دوم اور سوم 80

نوٹ: حصہ "دوم" اور "سوم" کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 20)

**سوال نمبر۲:** درج ذیل اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (5x4=20)

(i) نظم "حضرت صدیقِ اکبرؓ کا ایثار" میں بیان کیا گیا تاریخی واقعہ مختصراً تحریر کریں۔

(ii) استفہامیہ جملہ کسے کہتے ہیں؟ بطور مثال دو استفہامیہ جملے بھی لکھیں۔ (یا)
تشبیہ کی تعریف کیجیے اور وضاحت کے لیے دو مثالیں بھی لکھیے۔

(iii) درج ذیل میں سے کوئی سے **چار** الفاظ و محاورات کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجیے کہ مطلب واضح ہو جائے:
زیر و زبر کرنا ، سر کرنا ، بھانپ لینا ، سبز باغ دکھانا ، رائیگاں ، بے جگری

(iv) مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد لکھیے:
نیکوکار ، کفر ، مخالفت ، زردار

(v) "گرگ آشتی" کی اصطلاح کی وضاحت کیجیے۔

## حصہ سوم (کُل نمبر 60)

**سوال نمبر۳:** سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+6=8)

الف۔ سالہا سال سورج صبح سے نکل کر اس نیلگوں چھت پر اپنا معمولی دورہ کرتا ہوا مغرب میں جا ڈوبا۔ مگر میں یوں ہی کاہلی سے بیٹھا ہوا اُس کے منہ کو تکتا رہا۔ اس کے قاعدے کی پابندی سے ذرا بھی سبق نہ لیا۔ چاند، ہلال اور بدر ہو کر اپنے مقررہ وقتوں پر ظاہر ہوتا رہا مگر مجھے اس کے نمونے سے نصیحت حاصل نہ ہوئی۔ کالے کالے مست بادل اپنے وقت پر آئے اور برس کے چلے گئے۔ بجلی نے آب و تاب کے ساتھ میری مندی ہوئی آنکھوں کو کھولنا چاہا، مگر صد افسوس میرے خفتہ دل نے بیداری حاصل نہ کی۔

ب۔ مدینے کے لوگوں کو آنحضرت ﷺ کی آمد کی خبر ہو چکی تھی اور سب پر انتظار کا عالم تھا۔ بچے تک خوشی اور جوش میں گلی کوچوں میں کہتے پھرتے تھے کہ "ہمارے پیغمبر آ رہے ہیں"۔ چھوٹی چھوٹی لڑکیاں چھتوں پر چڑھ کر آپؐ کے آنے کی خوشی میں گیت گاتی تھیں۔ نوجوان ہتھیار سجا سجا کر شہر سے باہر نکل جاتے تھے اور پہروں آپؐ کی آمد کا انتظار کرتے تھے۔ ایک دن وہ انتظار کر کے واپس پھرے ہی تھے کہ ایک یہودی ایک مختصر سا قافلہ دیکھ کر پکارا۔ اے لوگو! تم جس کا انتظار کرتے تھے، وہ آ گیا۔

**سوال نمبر۴:** کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (8)

الف۔
اِک آدمی ہیں جن کے یہ کچھ زرق برق ہیں
روپے کے اُن کے پاؤں ہیں سونے کے فرق ہیں
جھمکے تمام غرب سے لے تا بہ شرق ہیں
کم خواب، تاش، شال دوشالوں میں غرق ہیں

ب۔
چمن اور دشت میں ہے ہر طرف انبار پھُولوں کا
جدھر دیکھو زمیں پہنے ہوئے ہے ہار پھُولوں کا
ہیں روشن چاندنی کے پھُول یا تارے چمکتے ہیں
کھِلے ہیں پھول لالے کے کہ انگارے دہکتے ہیں

**سوال نمبر۵:** اپنے والد کے نام خط لکھ کر انہیں امتحان میں اپنی نمایاں کامیابی کی اطلاع دیجیے۔ (یا)
پڑھائی سے جی چرانے پر چھوٹے بھائی کے نام نصیحت اور تنبیہہ سے بھرپور خط تحریر کیجیے۔ (9)

**سوال نمبر۶:** اپنی کتاب سے زبانی یاد پانچ اشعار لکھیے۔ اس پرچے پر دیے ہوئے اشعار نہ ہوں۔ (5)

**سوال نمبر۷:** دو دوستوں کے درمیان بسنت اور پتنگ بازی کے نقصانات پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ (5)

**سوال نمبر۸:** درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (5)

(i) نصوح کا خواب (ii) حجِ اکبر

**سوال نمبر۹:** درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیں جو 250 الفاظ سے کم نہ ہو: (20)

(i) دہشت گردی (ii) موسمِ بہار
(iii) انٹرنیٹ۔ باعثِ رحمت یا باعثِ زحمت (iv) میرا پسندیدہ شاعر